سوال

(212)مشرک اور موحد کا نکاح

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آیا حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت لوط علیہ السلام کی بیویاں غیر مسلم تھیں ؟ اگر غیر مسلم تھیں تو پھر مشرک اور موحد کا نکاح کیسے ہو سکتا ہے نیز واضح کریں کہ دونوں بیویوں کو عذاب کس بناء پر ہوا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

"سورۃ التحریم" میں ان عورتوں کی خیانت کا ذکر ہے شرک کا نہیں ان کا عذاب کا سبب نفاق کی صورت میں کفار سے گہرا رابطہ اور اظہار ہمدردی کی بناء پر ہے ۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے :

«کانت امراۃ نوح تقول للناس :انه مجنون وکانت امراۃ لوط تخبر باضیافه» (تفسیر قرطبی 20/302)

یعنی "نوح علیہ السلام کی بیوی لوگوں سے کہتی کہ یہ پاگل ہے لوط علیہ السلام کی بیوی لوگوں کو مہمانوں سے آگاہ کرتی ۔ "

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص513

محدث فتویٰ